Urdu | اردو

NYC FREE TAX PREP

# ٹیکس کریڈٹس میں تبدیلیوں کا مطلب آپ کے فائل کرتے وقت آپ کیلئے زیادہ رقم ہے۔

## ہم آپ کی رقم حاصل کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔

ان ٹیکس کریڈٹس میں سے کسی ایک کا بھی دعوٰی کرنا 2022 میں آپ کو ہزاروں ڈالر واپس دلا سکتا ہے۔

- **چائلڈ ٹیکس کریڈٹ۔** والدین بچے کی عمر کے لحاظ سے فی بچہ $3,000 یا $3,600 تک حاصل کر سکتے ہیں۔ کریڈٹ کا دعوی کرنے اور ادائیگی حاصل کرنے کیلئے آپ کو کمائی ہوئی آمدنی کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کو 2021 میں پیشگی ادائیگیاں مل گئی ہیں تو، آپ کو اپنی باقی رقم حاصل کرنے کیلئے 2022 میں فائل کرنا ہوگی۔
- **حاصل کردہ انکم ٹیکس کریڈٹ۔** اب بغیر بچوں والے 19 سے +65 کی عمر کے فائلرز کے ساتھ ساتھ خاندانوں کیلئے بھی دستیاب ہے۔
- **چائلڈ اینڈ ڈیپینڈنٹ کیئر کریڈٹ۔** نگہداشت اطفال کے اخراجات میں $4,000 تک واپس حاصل کریں۔

## مفت فائل کرنے اور اپنا پورا ریفنڈ محفوظ رکھنے کیلئے NYC فری ٹیکس پریپ (NYC Free Tax Prep) استعمال کریں۔

**خاندانوں کے لیے**
*2021 میں $72,000 یا کم آمدنی۔*

**تنہا فائل کرنے والوں کے لیے**
*2021 میں $50,000 یا کم آمدنی۔*

درست ٹیکس ریٹرن مکمل کرنے کیلئے ذی علم (IRS) کے سند یافتہ VITA/TCE کے رضاکار کے ساتھ تعاون کریں۔

**مزید معلومات کے لیے nyc.gov/taxprep پر جائیں یا 311 پر فون کرکے ٹیکس کی تیاری میں معاونت کے بارے میں دریافت کریں۔**

## منتخب کریں کہ آپ کس طرح فائل کرنا چاہتے ہیں۔

- **ان-پرسن ٹیکس پریپ** (In-Person Tax Prep)† ٹیکس کاغذات تیار کرنے والے رضاکار کے ساتھ بیٹھیں۔
- **ڈراپ-آف سروس** (Drop-off Service)† اپنے ٹیکس کے کاغذات پیٹی میں ڈالیں اور بعد میں مکمل شدہ ریٹرن کا کاغذ اٹھالیں۔
- **ورچوئل ٹیکس کی تیاری*** (Virtual Tax Prep) یہ ان پرسن ٹیکس پریپ (ذاتی طور پر ٹیکس کی تیاری) ہے لیکن آن لائن ہے!
- **معاون خود تیاری*** (Assisted Self-Prep) بلا معاوضہ فائلنگ سافٹ ویئر کے مدد سے اپنے ٹیکس آن لائن فائل کریں لیکن مدد کے لیے کسی رضاکار کو فون یا ای میل کریں۔

## اپنے کاغذات تیار کر لیں۔

- ☐ **تصویری ID** (بشمول IDNYC)
- ☐ **ٹیکس ID** آپ کیلئے، آپ کی شریکہ حیات، اور آپ کے زیر کفالت افراد (سوشل سیکیورٹی نمبر یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر)
- ☐ **آمدنی کا ثبوت** (اگر قابل اطلاق ہو) (فارمز W-2، 1098، 1099، یا آمدنی اور اخراجات کے ریکارڈز شامل ہیں اگر آپ کا اپنا کام ہے)
- ☐ **نگہداشت اطفال کے اخراجات** (اگر قابل اطلاق ہو)، بشمول فراہم کنندہ کی معلومات اور ٹیکس ID نمبر
- ☐ **اپنے ریفنڈ کے لیے ڈائریکٹ ڈپازٹ کے لیے** اکاؤنٹ یا راؤٹنگ نمبرز
- ☐ **میاں بیوی دونوں کے دستخط** اگر آپ مشترکہ ریٹرن فائل کرتے ہیں

جن اضافی دستاویزات کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے ان کی فہرست کیلئے، کوڈ کو اسکین کریں یا **nyc.gov/taxprep** ملاحظہ کریں۔

NYC Consumer and Worker Protection

Eric L. Adams
Mayor

Peter A. Hatch
Commissioner

†COVID-19 کی وجہ سے ان-پرسن سروس میں تبدیلی آ سکتی ہے۔ تجدید شدہ معلومات کے لیے ویب سائٹ اور 311 دیکھیں۔
* آن لائن خدمات محفوظ اور معتبر ہیں۔